جبر مقابلہ

حصہ اول

فائدے

طالبعلمان ابتدائی کے واسطے

حسب الحکم

جناب مستطاب صاحب آرنولڈ صاحب بہادر

ڈائرکٹر اف پبلک انسٹرکشن ممالک پنجاب وغیرہ

۱۸۵۸ع

مطبع کوہ نور لاہور محلہ بکھی دروازہ حویلی منشی سنگھ میں

باہتمام منشی ہرسکھ رائے مالک مطبع و غلام محمد مہتمم مطبع چھپا

اصول جبر [illegible]

جسطرح علم حساب میں تعداد کی بجای ہندسے ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ وغیرہ لکھی جاتی ہیں اوسیطرح جبر مقابلے میں تعداد کی بجای حروف لکھی جاتی ہیں جیسی پانی سے بہنے کے [illegible] کی ناو ہزاروں مال لاد کر دریای گنگ میں مثل ہوا اڑتے چلی جاتی ہے اور دیسی ناو جسکو ناتہونیے کہیوتے ہیں اوسمیں دہوئی کی ناو کی نسبت مال بہی کم لدتا ہے اور تنگتی سی جاتی ہے اسیطرح جبر مقابلے سے سوالات مشکل باسانی حل ہوجاتے ہیں اور وہی سوالات علم حساب سے بدقت حل ہوتے ہیں اور سوال بیشمار ایسی ہیں کہ علم حساب سے اونکی جواب ہرگز نہیں نکلتے سوال مندرجہ ذیل اس مرادسے لکہا جاتا ہے کہ مبتدیوں پر روشن ہو کہ جبر مقابلے سے بہ نسبت علم حساب کے سوالات مشکل باسانی حل ہوجاتے ہیں

سوال

وہ کونسا عدد ہے کہ جب اوسمیں ۱۰ ملا دیں تو حاصل جمع عدد مطلوب سے [illegible] چند ہو

اب وان اول بموجب قاعدہ حساب خطائین کے اِس حساب کو اِسطرح حل کرینگے +
اول فرض کرو کہ ۲۰ عدد مطلوب ہی تو اِسمیں ۱۰ جوڑنے سی ۳۰ حاصل جمع
ہوا اور سہ چند یعنی تگنا ۲۰ کا ۶۰ ہے اِسلئی ۶۰ اور ۳۰ میں ۳۰ کا
فرق رہا دوسری فرض کرو کہ ۱۰ عدد مطلوب ہی تو اوسمیں ۱۰ جوڑنے سے ۲۰ حاصل جمع
ہوا اور تگنا ۱۰ کا ۳۰ ہے اِسلئی ۳۰ اور ۲۰ میں ۱۰ کا فرق رہا پس بموجب
قاعدہ حساب خطائین کے ۳۰ گنی ۱۰ یا ۳۰۰ میں سی ۱۰ گنی ۲۰ یا ۲۰۰ کم
کئی تو ۱۰۰ باقی بچی اِس باقی کو دونو تعداد کے فرق یعنی ۳۰ اور ۱۰ کے
حاصل تفریق ۲۰ پر قسمت کرنے سے ۵ حاصل ہوئی یہی عدد مطلوب ہوا +
جبر مقابلی کے بموجب اِس سوال کے حل کرنے کا یہہ طریق ہے فرض کرو
کہ د عدد مطلوب ہی تو بموجب شرایط سوال کے د + ۱۰ = ۳ د دونو مقدار
مساوی یعنی د + ۱۰ اور ۳ د میں سی د کو منہا کیا تو ۲ د = ۱۰ اور
۲ د یعنی د = ۵ یہی عدد مطلوب ہوا +
جبر مقابلہ پڑہنی والوں کو چاہیئے کہ جن دو طریقوں سے اِس سوال کا جواب
نکالا ہی اون میں دیکھیں کہ کونسا طریق سہل ہی اور مختصر ہے اور ایسی سوال
بے انتہا ہیں کہ وی علم حساب سی مطلق نہیں ہو سکتی اِس حقیقت
دکھلانے کی لیئے اگر اِس مقام پر کوئی مثال لکھی جاتی تو اوسکا سمجھنا ابھی
مبتدیوں کو مشکل ہوتا مگر یہہ حال آگے ظاہر ہوگا +

حدود

دفعہ ۱ لفظ مقدار کے معنی اندازہ ہیں اور اوس سی ہر ایک چیز کا اندازہ یعنی

تعداد معلوم ہو جاتی ہے کہ وہ چیز تول اور شمار وغیرہ میں کسقدر ہے اسلئی علم حساب
میں مقدار کی بجای ہندسہ لکھتے ہیں مثلاً آدمیوں کی مقدار یا تعداد وشمار سے معلوم
ہوتی ہے اور کپڑے کی مقدار تعداد گز سے جیسے ۱۰ آدمی اور ۲۰ گز کپڑا +
جبر مقابلہ میں مقادیر معلومہ یعنی جانی ہوئیں مقادیر مثلاً ۱۰ آدمی ۲۰ گھوڑے وغیرہ
کی بجای حروف ح س ط ع وغیرہ لکھتے ہیں اور مقادیر مجہولہ یعنی بے جانی ہوئی
کی بجای (مثلاً ایک شخص نے پوچھا کہ کتنے گز کپڑا ہے یا کتنے من غلہ یہاں گز اور
من کی تعداد نامعلوم ہیں) ایسے حروف د ر ز و لا ذ ذ وغیرہ
لکھتے ہیں ان حروف کی استعمال سے عمل حساب مختصر ہو جاتا ہے کیونکہ مثلاً ۲۳۴۴۴۴
کے بجای صرف ایک حرف ح لکھ سکتے ہیں +

بیان جمع وتفریق اور ضرب وتقسیم وغیرہ کی علامات کا

دفعہ ۸ + یہہ علامت واسطے جمع کے آتی ہے اسے علامت جمع یا علامت
اثبات کہتے ہیں اور جب + یہہ علامت دو مقادیر کے بیچ میں آتی ہے تو اوس سے
یہہ مراد سمجھو کہ داہنے طرف کی مقدار میں بائیں طرف کی مقدار جمع کرنی ہے مثلاً
ح + س اسے ح مثبت س پڑھتے ہیں اور اس سے یہہ مراد سمجھتے ہیں کہ
ح مقدار میں س مقدار شامل کرنی ہے اور فرض کرو کہ ح برابر ہے ۵ کی اور
س برابر ۷ کے تو ح + س برابر ہوگا ۵ + ۷ یا ۱۲ کے اور جو ط ۴ کے
برابر ہو تو ح + س + ط جسے ح مثبت س مثبت ط پڑھینگے ا
۱۲ + ۴ یا ۱۶ کے برابر ہوگا +

دفعہ ۹ — یہہ علامت واسطے تفریق کے آتی ہے اور اسے علامت تفریق

یا علامت نفی کہتے ہیں اسلئے جب یہہ علامت دو مقادیر کے بیچ میں آوے تو اس
یہہ سمجھو کہ داہنی طرف کی مقدار میں سے بائیں طرف کی مقدار گھٹانی ہے مثلاً
ح – س ایسے ح منفی س پڑہتے ہیں اور اوسکے یہہ معنی ہیں کہ ح میں سے
س کو منہا کرنا ہے اگر بجائے ح کے ۱۰ رکہو اور بجائے س کے ۶ تو
ح – س برابر ہوگا ۱۰ – ۶ یعنی ۴ کے اور جو ط برابر ہو ۳ کے تو
ح – س – ط برابر ہوگا ۱۰ – ۶ – ۳ کے یا ۱ کے اور اسے ح منفی س
اور منفی ط پڑہینگے ؛

دفعہ ۴ × یہہ علامت واسطے ضرب کی آتی ہے اسے علامت ضرب بولتے ہیں
اسلئے جب × یہہ علامت دو مقادیر کے درمیان میں آوے تو اس سے
یہہ مراد سمجھتے ہیں کہ داہنی طرف کی مقدار میں بائیں طرف کی مقدار کو ضرب دینا ہے
مثلاً ح × س ایسے ح مضروب س میں یا مقدار س کو مقدار ح میں ضرب
دینا پڑہینگے اور اسکے یہہ معنی ہیں کہ س کو ح میں ضرب دینا ہے اگر ح کو
۸ کے برابر فرض کرو اور س کو ۶ کے برابر تو ح × س برابر ہوگا ۸ × ۶
یعنی ۴۸ کے اگر ط کو ۲ کے برابر فرض کرو تو ح × س × ط برابر ہے
۸ × ۶ × ۲ یا ۹۶ کے اسیطرح ۳ × ۲ اسکے معنی ہیں ۳ مضروب ...
۲ ؛

× اس علامت کی عوض · ایک نقطہ بھی لکہتے ہیں جب دو یا
زیادہ مقادیر کو آپسمیں ضرب کرتے ہیں تو کبھی انکے درمیان علامت ضرب
نہیں لکھتے اسلئے جب دو مقادیر کے درمیان کوئی علامت نہو تو جانو کہ باہم ضرب

کی مقدار اپنی طرف کی مقدار میں ضرب دیجائیگی مثلاً ح × س یا ح . س
اور ح س ان سب سے یہی مراد ہے کہ مقدار س ح دفعہ جوڑی جائیگی
یا مقدار س مقدار ح میں ضرب دیجائیگی اسیطرح ۲ د سے یہی مراد ہے کہ د کو ۲ دفعہ جوڑو
ح × س × ط یا ح . س . ط اور ح س ط ان سب سے ایک ہی مراد ہے
اور ۳ د ر سے د اور ر کا تگنا حاصلضرب سمجھو مگر دو حرف یا ایک عدد
اور ایک حرف کے درمیان کوئی علامت نہونے سے بھی یہہ سمجھو کہ انکا
حاصلضرب نکالنا ہے اور مقدار کے پڑھنے میں لفظ مضروب نہیں بولتے
مثلاً ح س اور ۳ د کو ح س اور تین د پڑھتے ہیں اسلئے ۳ د اور
۳ + د یعنی تگنا د اور تین مثبت د ان متفرق مقادیر کو یکساں نہ سمجھو
لیکن دو اعداد کے درمیان علامت جمع نہیں لکھی جاتی مثلاً ۲½ سے
۲ + ½ جانو اور ۲۳ سے ۲۰ + ۳ سمجھو اور ضرب کرنے میں دو حرف
یا ایک عدد اور ایک حرف کے بیچ علامت ضرب نہیں لکھتے ہیں اور جب
دو اعداد کو ضرب دینا منظور ہوتا ہے تو انکے درمیان . یہہ علامت اسلئے
نہیں لکھتے کہ اس سے صفر سمجھا جاویگا ۔

دفعہ ۵ ۳ × ۴ برابر ہے ۴ × ۳ کے
۵ × ۷ برابر ہے ۷ × ۵ کے
۶ × ۱۰ برابر ہے ۱۰ × ۶ ایضاً
ح × س برابر ہے س × ح ایضاً
ح س برابر ہے س ح ایضاً

دفعہ ٦ ح س یا س ح مقدار میں س کا مضروب فیہ ح سر یا اشال
کہلاتا ہے یا ح کا مضروب فیہ س سر کہلاتا ہے جسطرح شرکت میں ایک
شخص کو دوسرے شخص کا شریک بولتے ہیں اسیطرح دوسرے شخص کو بھی پہلے
شخص کا شریک کہتے ہیں ٣ د کا ٣ سر ہے کیونکہ د کو ٣ گنا کرنے سے
حاصلضرب ٣ د کے برابر ہوتا ہے اور ٣ د ر میں د ر کا ٣ سر ہے ر کا ٣ د
سر ہے اور ٣ ر کا د سر ہے اور ٢ ح س ط میں ط کا ٢ ح س سر ہے
س کا ٢ ح ط سر ہے ح کا ٢ س ط سر ہے اور ح س ط کا ٢ سر ہے
مقدار ح کا ایک سر ہے کیونکہ ١ × ح = ح اور ح سے ایک ح
جانا جاتا ہے مقدار کو سر میں ضرب دینے سے یہہ سمجھو کہ عدد سر میں جتنی اکائیاں
ہیں اوتنی دفعہ مقدار مذکور کو جمع کرنا ہی مثلاً ٣ د ر کے معنی ہیں ٣ دفعہ د ر
یا ٣ د دفعہ ر اسمیں ر کا سر ٣ د ہے یا ٣ ر دفعہ د اسمیں د کا سر
٣ ر ہے اور ح سے مقدار ح فقط ایک گنی جاتی ہی اس باعث
اوسکا سر ایک ہی +

ضرب دینے میں ٣ د دفعہ یا ٢ ح س دفعہ کہنا صحیح ہی کیونکہ ہر ایک سر
بجائے ایک مقدار یا عدد کے لکھا جاتا ہی مثلاً ٣ د ر میں اگر بجائے د کے
١٠ رکھو تو ٣ د برابر ہوگا ٣٠ کے اور ٣ د دفعہ ر برابر ہوگی ٣٠ ر کے +

دفعہ ٧ ÷ یہہ تقسیم کرنے کی علامت ہی اور اسی علامت تقسیم کہتے ہیں
اسلئے جن دو مقادیر کے درمیان ÷ یہہ علامت آوے تو اوس سے یہہ سمجھو
کہ داہنی طرف کی مقدار بائیں طرف کی مقدار پر تقسیم کی جائیگی مثلاً ح ÷ س

اسی طرح مقسوم س پر یا مقدار ح مقدار س پر تقسیم کی گئی ۱۲÷۴ یعنی ۱۲ اور ۴÷۱۲
برابر ہے ۳ کے مگر اکثر بجائے ح ÷ س کے ح/س لکھتے ہیں کیونکہ اسکے بھی یہی
معنی ہیں جو ح ÷ س کے ہیں اسیطرح ۱۲/۴ برابر ہے ۱۲ ÷ ۴ کے کیونکہ دونوں
مقادیر ۳ کے برابر ہیں حدود مرقومہ بالا کے ذہن نشین ہونے کی لئے امثال
ذیل لکھی جاتی ہیں اگر ح برابر ہے ۱ کے س برابر ہے ۳ کے اور د برابر ہے ۲ کے
تو بتلاؤ کہ مقادیر مندرجہ ذیل کونسی اعداد کے برابر ہونگی ✣

(۱) سوالات

(۱) ح + س + د

(۲) ح + س − د

(۳) ح − س + د

(۴) ح − س − د

(۵) ۲ح − د

(۶) ۳ ح + ۳ س − ۲ د

(۷) ۲ ح + ۲ س − ۲ د

(۸) ۵ ح − ۴ س + ۳ د

(۹) ۲ ح س + ۳ د

(۱۰) ۲ ح + ۵ − ۳ س د + ۱۰۰

(۱۱) ۲ ح س − ح س د

(۱۲) ۳ ح + س د − دوسری

(۱۳) ۳ ح د میں ۲ کا سر کیا ہے

(۱۴) ۶ ح س د میں د کا سر کیا ہے

(۱۵) ۶ ح س د میں س د کا سر کیا ہے

(۱۶) ۱۲ ح د ۲ ح س د ح س د ۳ ح س د ۲ ح ۶ ح د د ۵ ح د ۱۱ ح س د ان مقادیر میں ح کا سر کیا ہے

(۱۷) ۲۵ کا ایسا کونسا سر ہے کہ اگر اوسمیں ۲۵ کو ضرب دیں تو حاصل ضرب ۱۲۵ ہو

(۱۸) ۳ + د اور ۳ د میں کیا فرق ہے اگر د برابر ہو ۲ کے

(۱۹) ۳ح + د اور ۳ح — د میں کیا فرق ہے جبکہ ح برابر ہے ۱۰ کی اور د برابر ہے ۶ کے

(۲۰) ۳ح + د اور ۳ح د میں کیا تفاوت ہے جبکہ ح برابر ہے ۳ کی اور د برابر ۲ کے

جبکہ ح برابر ہے ۱۰ کے اور س برابر ۳ کے اور د برابر ۲ کی تو بتلاؤ کہ

(۲۱) ۳ح د ÷ ۲س کے برابر ہوگا

(۲۲) ۴ح د ÷ ۲س ایضاً

(۲۳) (۲ح + د) / س ایضاً

(۲۴) (۳س + ۳د) / ح ایضاً

(۲۵) (ح — د) / س ایضاً

(۲۶) ۳ح / س + ۲د — ح س / ۱۴ ح ایضاً

(۲۷) (۵ح + د) / س — (۵س + ح) / (۴د — ۳س) ایضاً

(۲۸) ۳د / (۴ح + ۲) + ۳س / (ح س — ۱۴) ایضاً

(۲۹) (۱ح + ۳س) / (۲د — ح — س) . (ح — ۲س) / (د — س) ایضاً

(۳۰) ۲ح / (س + د) + س / (ح — د) . ح د / (ح — س) ایضاً

دفعہ ۸ اگر ایک عدد کو اوسی عدد میں کئی بار ضرب دیں تو اسطرح کی ضرب کرنیکو عمل صعود کہتے ہیں — اسکی امثال ذیل میں مندرج ہوتی ہیں +

س × س کو س۲ لکھتے ہیں اور اوسی س۲ مجذور یا مال یا س کی دوسری قوت کہتے ہیں +

س × س × س کو س۳ لکھتے ہیں اوسی س۳ کا کعب یا س کی تیسری قوت بولتے ہیں +

س × س × س × س کو س۴ لکھتے ہیں اور اوسی س۴ کا مجذور مجذور یا مال مال یا س کی چوتھی قوت بولتے ہیں مگر یہہ بات یاد رکھو کہ س اور س۱ کے ایک ہی معنی ہیں اور س اور س۰ میں فرق آگے پڑھنے سے معلوم ہو جائیگا کہ س۰ برابر ہے ایک کے یعنی کسی مقدار کی قوت صفر برابر ہوتی ہے اکائی کے مقادیر کے اوپر جو آ، ۲، ۳، ۴، ۰۰۰

وغیرہ اعداد لکھی جاتے ہیں اونکو قوت نما بولتے ہیں کیونکہ اونسے مقادیر کی قوتونکی

عدد دریافت ہوجاتی ہیں +

ح + ح کو ۲ ح اسطرح لکھتے ہیں اور ح × ح کو $ح^۲$ لکھتے ہیں

اگر ح برابر ہے ۳ کے تو ۲ ح برابر ہوگا ۶ کے اور $ح^۲$ برابر ہوگا

۹ کے اور یاد رکھو کہ ۲ $ح^۲$ کے معنی ہیں ح کا مجذور دوچند اور نہ کہ ۲ ح کا

مجذور +

دفعہ ۹ عمل صعود کے برعکس عمل نزول ہوتا ہی اور نزول یا جزر کسی

مقدار کا وہ عدد ہے کہ اگر اوسکو اوسی ہی مین ایکبار

یا کئی بار مطابق احاد قوت نما کے ضرب دیں تو حاصلضرب مقدار اول کے برابر ہووے

چنانچہ ۹ کا ۳ جزر المال ہے کیونکہ ۳ کا مجذور یا ۳ × ۳ برابر ہے

۹ کے اور ۲۷ کا ۳ جزر الکعب ہی کیونکہ ۳ کا کعب یا ۳ × ۳ × ۳

برابر ہے ۲۷ کے اسیطرح $ح^۲$ کا جزر المال یعنی جذر ح ہی کیونکہ ح × ح

برابر ہے $ح^۲$ کے اور $ح^۳$ کا جزر الکعب ح ہی کسواسطی کہ ح × ح × ح

برابر ہے $ح^۳$ کے $\sqrt[۲]{}$ یا $\sqrt{}$ یہہ علامت جزر المال

یعنی علامت جذر ہے $\sqrt[۳]{}$ یہہ علامت جزر الکعب ہی اکثر

علامت جذر یا جزر المال کی $\sqrt[۲]{}$ یہہ لکھی نہی گئی مگر یہہ

علامت جزر المال صحیح ہے مثلاً $\sqrt{ح}$ اس سے ح کا جزر المال سمجھو

جسطرح ح $\sqrt[۳]{}$ سے ح کی ... $\sqrt[۳]{ح}$ لکھتے ہیں اور $\sqrt{ح}$ + $\sqrt{ح}$

یا ح کا جزر المال دوچند اسطرح ۲ $\sqrt{ح}$ لکھتے ہیں اور ح کا جزر ...

جزرالمال پڑہتی ہیں $\sqrt{ح س}$ اسکو جزرالمال حاصلضرب ح اور س کا سمجہو
$\sqrt{ح + س}$ یعنی ح مثبت س یا ح اور س کے مجموعہ کا جذر المال
جانو اور جس مقدار کا جذر نکالنا ہو اوسکی اوپر علامت جذر $\sqrt{}$ کو
لکہو جس مقدار پر کہ علامت جذر کا حصہ یا خط وحدانی آجاویگا وہ جذر
کے اندر داخل ہوگا اگر بجائے ح کے ۱۶ فرض کرو اور
بجای س کے ۹ تو $\sqrt{ح + س}$ برابر ہوگا $\sqrt{۲۵}$ یا ۵ کے اور
$\sqrt{ح س}$ برابر ہوگا $\sqrt{۱۴۴}$ یا ۱۲ کے $\sqrt{\frac{ح}{س}}$
$\frac{ح}{س}$ کسر کا جزرالمال جانو مگر $\sqrt{\frac{ح}{س}}$ اسکی یہہ سمجہو کہ $\sqrt{ح}$ کے جزرالمال
کو $\sqrt{س}$ پر تقسیم کرتا ہے +

(۴) سوالات

اگر ح برابر ہی ایک کے س برابر ۹ کے اور ط برابر ۸ کے تو بتلاؤ کہ
ہر ایک مقدار مندرجہ ذیل کس عدد کے برابر ہوگی ؟

(۱) $ح^۲ + س^۲ - ط^۲$ (۶) $\frac{س^۲}{ح} + \frac{ح^۲}{س} - \frac{ط^۲}{۲ح}$

(۲) $۳ح^۲ + ۲س^۲ - ۳ط^۲$ (۷) $\frac{۳ح س^۲}{ط^۲} - \frac{۹ح^۲}{۲س ط^۲}$

(۳) $۵ ح س ط - ۲۲س^۲ + ۳ط^۲$ (۸) $م ح^۲ + ل س^۲ - ع ط^۲$

(۴) $ح^۲ س + س^۲ ط$ (۹) $\sqrt{۲س} - \sqrt{۲ط}$

(۵) $۱۲ح س^۲ + ۲۰ح^۲ س - ۲س ط^۲$ (۱۰) $\sqrt{ح ط} + \sqrt{ح س}$

(۱۱) $\sqrt{ح + س} - \sqrt{ح س} - \sqrt{۲ح س}$

(۱۲) $\sqrt{ح + ۲ط} - \sqrt{س - ۲ح}$

∴ اس علامت کو - اسلیے - پڑھتے ہیں +

∵ اس علامت کو - کیونکہ - یا جوکہ - پڑھتے ہیں +

دفعہ ۱۱ جبکہ ایک مقدار کے کئی اجزا ہوں اور ہر ایک مقدار جز کے داہنی طرف علامت اثبات یا علامت نفی لگی ہو تو مقدار کل کو مقدار مرکب کہتے ہیں اور ہر ایک جز کو مقدار مفرد مثلاً ح - س ح س - ح ط ح + س + ط مقادیر مرکب ہیں اور ح اور - س مقادیر مفرد ہیں ح س اور - ح ط مقادیر مفرد ہیں اور علی ہذا القیاس +

ح + س اور + ط مقادیر مفرد ہیں +

دفعہ ۱۲ مقدار مثبتہ اوسے کہتے ہیں جسکے داہنی طرف + علامت جمع ہوتی ہے مقدار منفیہ اوسی کہتے ہیں جسکے داہنی طرف - علامت نفی ہوتی ہے + ح یا ح انکی ایک ہی معنی ہیں اسلیے جو مقدار مفرد کے داہنی طرف + یا - ایسی علامت نہو تو وہی مقدار مثبت کہینگے اگر جس مقدار مرکب میں مقادیر مفردہ مثبتہ کا مجموعہ مقادیر مفردہ منفیہ کے مجموعہ سے زیادہ یا کم ہو تو اوس مقدار مرکب کو مثبت یا منفی کہینگے مثلاً کوئی سوداگر یہہ دریافت کیا چاہتا ہے کہ میرے پاس کتنا زر ہے تو اول وہ اپنے پاس کے روپیونکا شمار کریگا اور فرض کرو کہ اوسکے پاس کا زر ح ہے بعد ازاں بطور قرض کے جو روپئے اوسنے دئے ہونگے وہ انہیں شمار کریگا اور فرض کرو کہ اوس س روپئے قرض کے لینے ہوں تو اوسکے پاس کل زر ح + س ہوگا مگر اوس سوداگر کو کچھہ قرض کے روپئے بھی دینے ہوں اور وہ قرض

جمع ہو گیا اور اوسکی تعداد — ط خیال کرو تو اوس سوداگر کے پاس
ثابت دینے کے روپئے ح + س — ط باقی بچینگے اگر اوسی کل زر سے زیادہ
روپئے قرض دینے ہونگے تو ظاہر ہے کہ اوسکے پاس کچھ روپئے باقی نہ رہینگے
مگر جسقدر زر قرضہ کل زر سے زیادہ ہوگا اوسیقدر باقی قرض اوسے ادا کرنا ہوگا
اور یاد رکھو کہ جب مقدار کی فقط علامت کا ذکر ہو تو + یا — علامت جانو
اور سمجھو کہ مقدار مثبت ہے یا منفی +

سوالات

(۱) جبر مقابلہ سے کیا مطلب نکلتا ہے +

(۲) مقدار کے کیا معنی ہیں +

(۳) جبر مقابلے میں مقادیر کے بجای حروف کیوں لکھتے ہیں +

(۴) ح + س ، ح مثبت س کے کیا معنی ہیں اور کیا
۲ + ۵ کے یہ معنی ہیں کہ ۵ میں ۲ جوڑی جائینگی

(۵) علم حساب میں ۰ کے کیا معنی ہیں اور جبر مقابلے میں ح س سے
کیا مراد ہے +

(۶) کسی مقدار کی بجای ۳ ح لکھا ہے تو ۳ ح اور ۳ ح — س میں سے
کونسی مقدار بڑی ہے +

(۷) اگر ح کو ایک کے برابر فرض کرو اور س کو ۲ کے برابر اور ط کو ۳ کے
برابر تو بتلاؤ کہ مقدار ح س ط برابر ہوگی ۳ ۲ ۱ کے یا نہیں اگر اوسکے برابر
نہ ہوگی تو کس عدد کے برابر ہوگی +

(۸) علم حساب میں ۲/۳ ہ سے کیا مراد ہے اور جبر مقابلے میں ۲/۳ ن اسکے کیا معنی ہیں +

(۹) مقدار مثبت کی حد کے بموجب + د سے کیا مراد ہے +

(۱۰) اگر ایک مقدار کے ہ اور ج مضروب اور مضروب فیہ ہوں اور دوسری مقدار کے ج اور ہ تو وی دونوں مقدار ایک ہی ہونگی یا نہیں اگر ایک ہی ہوں تو بتلاؤ کہ وہ کونسی مقدار ہے ح س ط اسکا کیا ح س مضروب فیہ اور ح س ط مقدار میں جو حروف لکھے ہیں اونمیں دو حروف کی بیچ کونسی علامت محذوف ہے اور دو حرفوں کے درمیان کوئی علامت نہونے سے کیا معنی ہوتے ہیں +

(۱۱) یہہ بتاؤ کہ ح س — ط یعنی ح س منفی ط سے کیا مراد ہے +

(۱۲) یہہ بیان کرو کہ ۲ ح س + ۳ یعنی دو ح س مثبت ۳ سے کیا مراد ہے +

جمع

دفعہ ۱۳ جن مقداروں کے حروف یکساں ہوں اور اعداد سر مختلف اونکو مقادیر متماثلہ کہتے ہیں مثلاً ۳ ح، ۷ ح، ۱۰ ح مقادیر متماثلہ ہیں اسیطرح ۲ ح س، ۶ ح س، ح س مقادیر متماثلہ ہیں اور خ، ۳ خ، ۵ خ ایسے بھی مقادیر متماثلہ ہیں +

جن مقداروں کی حروف مختلف ہوتے ہیں وی مقادیر غیر متماثلہ کہلاتے ہیں مثلاً ح، س، د، مقادیر غیر متماثلہ ہیں اور ۲ ح، ۳ س، ۴ د ایسے بھی مقادیر غیر متماثلہ ہیں اسیطرح ح س، خ س، خ س د مقادیر غیر متماثلہ ہیں +

مثالیں

(۱) ۵ ح — ۳ س و ۴ ح + ۷ س اور — ۸ ح — ۵ س ایمیں سے متماثلہ کو ایک جگہ میں لکھو اور اونکی علامات بدستور رکھو ؛

جواب

+ ۵ ح — ۳ س	اس درمیانی خط کے ایک ایک طرف مقادیر متماثلہ
+ ۴ ح + ۷ س	
— ۸ ح — ۵ س	ہیں اور دونوں طرف کے مقادیر ملکر غیر متماثلہ ہیں ؛

(۲) ح^{۳} + ۳ ح^{۲} س + ۳ ح س^{۲} + ۲ ح^{۳} + ۲ س^{۳} + ۵ ح س^{۲} — ۸ ح ط^{۲} — ح^{۲} س — س^{۳} ان مقداروں میں سے مقادیر متماثلہ کو مع علامات کے علیحدہ علیحدہ ایک جگہ میں لکھو ؛

جواب

+ ح^{۳}	+ ۳ ح^{۲} س	+ ۳ ح س^{۲}	— ۸ ح ط^{۲}	+ ۲ س^{۳}
+ ۲ ح^{۳}	— ح^{۲} س	+ ۵ ح س^{۲}		— س^{۳}

(۳) ۲ ح — ۳ س + ۷ س ط + س^{۲} ط — ۵ ح س ط^{۲} + ۲ د ر — ۳ د^{۲} + ۵ س^{۲} + ۷ س^{۲} ط — ۹ ح — ۲ س^{۲} + ۶ س + ۱۰ ح — ۵ د^{۲} — د ر + د^{۲} + ح س ط — ۲ س ط + ط^{۲} — س — ۳ ط^{۲} ان مقداروں میں سے مقادیر متماثلہ کو مع علامات کے علیحدہ علیحدہ ایک جگہ میں لکھو ؛

جواب

+ ۲ ح	— ۳ س	+ ۷ س ط	+ س^{۲} ط	— ۵ ح س ط^{۲}	+ ۲ د ر	— ۳ د^{۲}	+ ۵ س^{۲}	[illegible]
— ۹ ح	+ ۶ س	— ۲ س ط	+ ۷ س^{۲} ط	+ ح س ط	— د ر	— ۵ د^{۲}	— ۲ س^{۲}	[illegible]
+ ۱۰ ح	— س					+ د^{۲}		

قاعدہ جمع کرنے مقادیر متماثل کا

دفعہ ۱۴ اول جن مقدارونکو جمع کرنا ہو اگر اونکی تمام مقدروں کی علامات + یا − ہوں تو اونکے جمع کرنیکا یہہ قاعدہ ہے کہ اعداد سر کو جمع کر کے حاصل جمع کو نیا سر فرض کرتے ہیں اور اوسکے داہنی طرف علامت مقدار متماثل لکھکر اوس سر کے بائیں طرف مقدار کے حروف لکھتے ہیں مثلاً ۵ح میں ۴ح جمع کرنے سے ۹ح حاصل جمع ہوتا ہے کیونکہ ۵ح سے مراد ہے پچگنا ح یا ح + ح + ح + ح + ح اور اسیطرح ۴ح کے معنی ہیں چوگنا ح یا ح + ح + ح + ح اسلئے ۵ح میں ۴ح جمع کرنے سے ۹ گنا ح یا ۹ح حاصل جمع ہوا − ۲س سے مراد ہے کہ مقدار ۲س کو گہٹانا ہے − ۳س کے معنی ہیں مقدار ۳س کو گہٹانا ہے اسلئے − ۲س میں − ۳س جوڑنے سے − ۵س حاصل جمع ہوا اور اسکے یہہ معنی ہیں کہ مقدار ۵س کو گہٹانا ہے +

دوم جن متماثل مقدارونکو جمع کرنا ہو اور اونمیں علامات مختلف ہوں یعنی کسی مقدار کی علامت اثبات اور کسی کی علامت نفی کی ہو تو اعداد سر مثبت کو اور اعداد سر منفی کو علیحدہ علیحدہ جمع کرو اور بڑی حاصل جمع میں سے چہوٹی حاصل جمع کو گہٹا دو اور حاصل تفریق کے بائیں طرف مقدار متماثل کے حروف لکہدو اور اس کل مقدار کے داہنی طرف بڑی حاصل جمع کی علامت لکہدو مثلاً ۵ح یا + ۵ح میں − ۲ح جمع کرتے ہیں تو + ۳ح حاصل جمع ہوگا کیونکہ + ۵ح سے یہہ مراد ہے کہ ۵ح کو جمع کرنا

اور –۲ ح سے یہہ مراد ہے کہ ۲ ح کو گہٹا ماھی اسلئی دونونکو جمع کرنے سے ۲ ح حاصل جمع ہوا +

۳ ح و –۲ ح و –۵ ح اور ۱۰ ح کو جمع کرنا ہو تو اُن مقداروںمیں ۱۳ ح مثبت ہیں اور ۷ ح منفی اسلئی اونکا ۶ حاصل جمع ہوا +

–۳ ح و ۲ ح و ۵ ح اور –۱۰ ح کو جمع کرو تو اون مقداروںمیں ۷ ح مثبت ہیں اور ۱۳ ح منفی اسلئی –۶ ح حاصل جمع ہوا +

جمع کی مثالین

۲ د	۳ ح س	–۵ ح	–ح س
۳ د	۵ ح س	–۶ ح	–۵ ح س
۷ د	۲ ح س	۵ –۲ ح	–۳ ح س
د	ح س	–ح	–۴ ح س
حاصل جمع = ۱۲ د	حاصل جمع = ۱۱ ح س	حاصل جمع = –۱۴ ح	حاصل جمع = –۱۱ ح س

۳ ح	۲ در	۳ ح٘	۱۵ ح س٘
–۲ ح	۷ در	۲ ح٘	–۷ ح س٘
۵ ح	–۲ در	–۶ ح٘	–۵ ح س٘
–ح	–در	۷ ح٘	۹ ح س٘
ح	۵ + در	–۴ ح٘	–۳ ح س٘
۱۰ ح	در	–۵ ح٘	–ح س٘
–۶ ح	–۸ در	۱۰ ح٘	–۱۰ ح س٘
حاصل جمع = ۹ ح		۷ ح٘	–ح س٘

سیلوم جبکہ مقادیر مرکب کو جمع کرنا ہو تو مقادیر متماثلہ کا حاصل جمع علیحدہ علیحدہ نکالو اور ان حاصل جمع کو معہ اونکی علامات کے ایک سیدہ میں لکہو وہی کل حاصل جمع مطلوب ہوگا مثلاً ۲ ح + ۳ س کو ۳ ح + ۴ س میں جمع کرنا ہے تو ۲ ح کو ۳ ح میں جمع کرنے سے ۵ ح حاصل جمع ہوا اور + ۳ س کو + ۴ س میں جمع کرنے سے + ۷ س حاصل جمع ہوا اسلئے ۵ ح + ۷ س کل حاصل جمع ہوا +

اگر ۳ ح – ۴ س کو ۲ ح + ۳ س میں جمع کرنا ہے تو ۲ ح اور ۳ ح کا ۵ ح حاصل جمع ہوا اور – ۴ س اور + ۳ س کا – س حاصل جمع ہوا اسلئے ۵ ح – س کل حاصل جمع ہوا +

۲ ح + ۳ س سے یہہ مراد ہے کہ ۲ ح میں ۳ س کو جمع کرنا ہے اور اسیطرح ۳ ح + ۴ س سے بہی یہہ مراد ہے کہ ۳ ح میں ۴ س کو جمع کرنا ہے اسلئے اگر کوئی کہے کہ ۲ ح + ۳ س اور ۳ ح + ۴ س ان دو مقادیر کو جمع کرلو تو اسکے یہہ معنی سمجھو کہ ۲ ح، ۳ س، ۳ ح اور ۴ س کو جمع کرنا ہے +

علم حساب میں جب چہوٹے اور بڑے درجے کے اعداد کو جمع کرنا ہوتا ہے تو بڑے درجے کے اعداد کو علیحدہ جمع کرتے ہیں اور چہوٹے درجے کے اعداد کو علیحدہ مثلاً پائیوں میں پائیاں اور آنوں میں آنے اور روپئوں میں روپئے جمع کرتے ہیں +

مثالیں

(۱) ۵ ح — ۳ س اور ۴ ح — ۷ س انکا حاصل جمع بتلاؤ +

۵ ح — ۳ س
۴ ح — ۷ س
حاصل جمع = ۹ ح — ۱۰ س

۵ ح میں ۴ ح جمع کرنے سے ۹ ح حاصل جمع ہوا اور ۳ س کو گھٹانا ہے اور ۷ س کو بھی گھٹانا ہے اسلئے ملکر ۱۰ س کو گھٹانا ہوا اسکو — ۱۰ س لکھتے ہیں +

(۲) ۵ ح — ۳ س اور ۴ ح + ۷ س انکا حاصل جمع بتلاؤ +

۵ ح — ۳ س
۴ ح + ۷ س
حاصل جمع = ۹ ح + ۴ س

۵ ح میں ۴ ح جمع کرنے سے ۹ ح حاصل جمع ہوا اور ۷ س مثبت میں سے ۳ س منفی کم کرنے سے + ۴ س باقی رہا +

(۳) ۵ ح — ۳ س، ۴ ح + ۷ س اور — ۸ ح — ۵ س انکو جمع کرو +

۵ ح — ۳ س
۴ ح + ۷ س
— ۸ ح — ۵ س
حاصل جمع = ح — س

اس مثال میں ۹ ح مثبت ہیں اور ۸ منفی اسلئے ایک ح یا ح مثبت باقی رہا
اور ۷ س مثبت اور ۸ س منفی ہیں اسواسطے ایک — س یا س منفی باقی رہا +

(۴) ۳ ع + ۴ س ط — ق + ۱۰ — ۵ ح + ۶ س ط + ۲ ف
— ۱۵ اور — ۴ ع — ۹ س ط — ۱۰ ف + ۲۱ انکا حاصل جمع بتلاؤ +

مقادیر متماثلہ کو سعہ اونکی علامات کے ایکدوسری کے تلے لکھو

۳ ع + ۴ س ط — ق + ۱۰
— ۵ ح + ۶ س ط + ۲ ف — ۱۵
— ۴ ع — ۹ س ط — ۱۰ ف + ۲۱

حاصل جمع — ۶ ح + س ط — ۹ ف + ۱۶

مقادیر متماثلہ کی پہلی صف میں ۳ ع مثبت ہیں اور ۹ ع منفی اسلئے ۶ ح منفی یا — ۶ ح باقی رہا اور دوسری صف میں ۱۰ س ط مثبت ہیں اور ۹ س ط منفی اسواسطے ایک س ط یا مثبت س ط یا + س ط باقی رہا اور تیسری صف میں ۲ ف مثبت ہیں اور ۱۱ ف منفی تو ۹ ف منفی یا — ۹ ف باقی رہا اور چوتھی صف میں ۳۱ مثبت ہیں اور ۱۵ منفی تو ۱۶ مثبت یا + ۱۶ باقی رہا +

قاعدہ جمع کرنی مقادیر غیر متماثلہ کا

دفعہ ۱۵ مقادیر غیر متماثلہ کے جمع کرنے سے یہہ مراد ہی کہ اونکو سعہ اپنی اپنی علامت کے ایک مسیدہ میں لکھو مثلاً ح — س ط — ف اور ق انکا ح — س + ط — ف + ق حاصل جمع ہوا اس سی یہہ مراد ہے

کہ تمام مقادیر مذکورہ جمع کی جاوینگی اور یہہ یاد رکھو کہ ح + س کے یہہ معنی ہیں
کہ ح میں س کو جمع کرنا ہی اور یہہ خیال کرو کہ مقدار ح میں مقدار س
جوڑی ہوئی ہے کیونکہ جب تک مقدار ح اور س کی قیمت یا تعداد معلوم
نہ ہو تب تک ح اور س جمع نہیں ہو سکتی مثلاً کوئی پوچھے کہ ۱۰ من ۳ سیر اور
۵ چھٹانک کا حاصل جمع کیا ہے تو اونکو ایک سطر میں اِسطرح پر لکھا ۱۰ من ۳ سیر
۵ چھٹانک یہی حاصل جمع ہوا - اگر کوئی پوچھے کہ ایک کمرے میں ۱۰ لڑکے ہیں
اور دوسرے میں ۵ لڑکے تو دونوں کمرونمیں سب کتنے لڑکے ہونگے ۱۵ لڑکے
جواب ہوگا کیونکہ دونوں کمرونمیں لڑکے ہی ہیں اور وے ہمجنس ہیں اِسلئے ایک
کمرے کی لڑکونکی تعداد ۵ اور دوسری کمرے کے لڑکونکی تعداد ۱۰ یے
مقادیر متماثلہ ہوئیں اور اونکو جوڑنے سے سب ۱۵ لڑکے ہوئے -
اگر کوئی شخص پوچھے کہ ایک احاطہ میں ۵ گھوڑے ہیں اور دوسرے احاطہ میں
۳ بیل تو اونکا حاصل جمع کیا ہوگا تو اونکو علیحدہ علیحدہ کرکے بتلاوینگے
کہ ۳ بیل اور ۵ گھوڑے یہی اونکا حاصل جمع ہوگا کیونکہ گھوڑا اور بیل غیر جنس ہیں
اِسلئے گھوڑونکی تعداد ۵ اور بیلونکی تعداد ۳ ہوئیں یہہ مقادیر غیر متماثلہ
ہوئیں اِسلئے اونکو ملاکر ۸ گھوڑے نہ کہینگے ۸ گھوڑے تو جب کہتے جو
۳ بیلونکی عوض ۳ گھوڑے ہوتے اور اِسیطرح ۸ بیل بھی نہیں کہہ سکتے
البتہ ۸ بیل جب کہہ سکتے جو ۵ گھوڑونکی عوض ۵ بیل ہوتے +

دفعہ ۱۶ جن مقدارونکو جمع کرنا ہے اونمیں اگر مقادیر متماثلہ اور
غیر متماثلہ شامل ہوں تو دفعہ ۱۴ کے بموجب مقادیر متماثلہ کا حاصل جمع دریافت کرو

اور اونکی بائیں طرف مقادیر غیر متماثلہ کو سعہ اپنی اپنی علامت کے ایک سیدہ میں لکھدو یہی کل مقدار مرکب حاصل جمع مطلوب ہوگا +

دفعہ ۱۷ اسکا مضایقہ نہیں کہ حاصل جمع مطلوب میں جو حروف تہجی کی ترتیب پر لکھی جاویں مگر اس بات پر لحاظ رہی کہ اونکی علامات میں کچھ فرق نہ پڑے اور اکثر حاصل جمع مذکور میں حروف تہجی کی ترتیب سے لکھے جاتے ہیں

مثالیں

(۱) ح + ۲ س — ط، ح — ۵ ف + ۳ ط اور د + ر + ۳ ف

انکا حاصل جمع بتلاؤ +

ح اور ح مقادیر متماثلہ ہیں	ح + ۲ س — ط
— ۵ ف اور + ۳ ف ایضا	ح — ۵ ف + ۳ ط
— ط اور + ۳ ط ایضا	د + ر + ۳ ف

اور باقی مقادیر غیر متماثلہ ہیں ۲ ح + د + ر + ۲ س + ۲ ط — ۲ ف

(۲) ۳ حٓ — س ط، ۲ سٓ — حٓ ط، ۳ طٓ — ح س اور حٓ + سٓ — طٓ

انکا حاصل جمع بتلاؤ +

۳ حٓ اور حٓ مقادیر متماثلہ ہیں	۳ حٓ — س ط
۲ سٓ اور + سٓ ایضا	۲ سٓ — حٓ ط
۳ طٓ اور — طٓ ایضا	۳ طٓ — ح س
	حٓ + سٓ — طٓ

اور باقی مقادیر غیر متماثلہ ہیں ۳ حٓ + ۳ سٓ + ۲ طٓ — ح س — ح ط — س ط

انکا حاصل جمع کیا ہوگا

[illegible] ور ۔۔۔ ۱ ، ژ + ۲ ، اور بر + ۳

[illegible] مقادیر متماثلہ ہیں

[illegible] باقی انکا بیجز متماثلہ ہیں

۱ ۔۔۔ ور
۲ + ژ
۳ + بر

حاصل جمع = ژ + ور + بر + ۳

دفعہ ۱ قاعدہ جمع کرنے مقادیر متماثلہ اور غیر متماثلہ کا دفعہ ۱۵ [illegible]

[illegible] وہ قاعدہ جمع کرنے اعداد ۱ ، ۲ ، ۳ ، ۴ ، وغیرہ سے ملتا ہے +

مثلاً جب ہمکو ۲ سو اور ۵ سو جمع کرنے ہوں تو ۲ سو اور ۵ سو مقادیر متماثلہ کے سر ۲ اور ۵ کا حاصل جمع ۷ ہوا یہی حاصل جمع مطلوب کا [illegible] اور [illegible] سو حاصل جمع ہوا ۔۔۔ اگر ہمکو ۳ سیکڑے اور ۵ دہائیاں اور ۶ اکائیاں مقادیر غیر متماثلہ کو جمع کرنا ہو تو اونکو صرف ایک سیدھا [illegible] لکھدیتے ہیں مثلاً ۳ سو + ۵ دہائی + ۶ اکائی یا باختصار ۳۵۶ [illegible] +

(۳) سوالات

(۱) ح + س اور ح + س ۔۔۔ انکا حاصل جمع کیا ہوگا +

(۲) ح + س اور ح ۔۔ س ۔۔۔ ایضاً

(۳) ح ۔۔ س اور ح ۔۔ س ۔۔۔ ایضاً

(۴) ح ۔۔ س + ط اور ح + س ۔۔ ط ۔۔۔ ایضاً

(۵) ح ۔۔ س + ط اور ح + س + ط ۔۔۔ ایضاً

(۶) ۱ ۔۔ ۲ م + ۳ ن اور ۳ م ۔۔ ۲ ن ۔۔۔ ایضاً

(۲۶) د³ − ۲ ح د² + ح² د، د³ + ۳ ح د اور ۲ ح³ − ح د² − ح² د انکا حاصل جمع بتلاؤ

(۲۷) ح² − ۳ ح س − ⅓ س²، ۲ س² − ½ س³ + ط²، ح س − ½ س
+ س³ اور ۲ ح² س − ½ س³ انکا حاصل جمع بتلاؤ +

(۲۸) ½ د + ۲ در، ⅔ د − در + ر² اور م د + ن ر ایضاً

(۲۹) ½ د ر − ½ ح در − ۲ ح² د + ۲ د³ اور ۳ د ر + ح در + ح² د − د³ ایضاً

(۳۰) ح ف + ۲ س ف − ۳ ط ف، ½ ح ف + ½ س ف، اور ½ ح س
+ ۲ ط ف − ح ط انکا حاصل جمع بتلاؤ +

تفریق

دفعہ ۱۸ ایک مقدار میں سے دوسری مقدار کے تفریق کرنے کا قاعدہ

اول اگر دونوں مقادیر متماثلہ ہوں اور اونکی علامات یکساں ہوں یعنی دونوں مقادیر مثبتہ ہوں یا منفیہ تو جس مقدار میں سے دوسری مقدار کو گھٹاؤ اوسکے سر میں سے دوسری مقدار کے سر کو گھٹاؤ اور حاصل تفریق کو نیا سر مانو اور اوسکے بائیں طرف مقدار متماثلہ کے حرف لکھدو اور سر کے داہنی طرف علامات مقادیر متماثلہ رکھدو یہی مقدار حاصل تفریق مطلوب ہوگا +

مثلاً ۵ ح میں سے ۲ ح کو تفریق کرو

چونکہ ۵ ح = ۳ ح + ۲ ح اسلئے ۵ ح میں سے ۲ ح یا + ۲ ح نکالنے سے
۳ ح باقی رہے یہی حاصل تفریق ہوا

− ۵ ح میں سے − ۲ ح کو گھٹاؤ

چونکہ − ۵ ح = − ۳ ح − ۲ ح اسلئے − ۵ ح میں سے − ۲ ح نکالنے سے

(۵) ۷ح میں سے
−۶ح کو کم کرو
حاصل تفریق = ۱۳ح

(۶) ۳ح میں سے
−ح کو تفریق کرو
حاصل تفریق = ۴ح

(۷) −۳ح میں سے
ح کو کم کرو
حاصل تفریق = −۴ح

(۸) ۷ح میں سے
−۶ح کو تفریق کرو
حاصل تفریق = ۱۳ح

(۹) −ح میں سے
ح کو کم کرو
حاصل تفریق = −۲ح

(۱۰) −۲ح میں سے
−ح کو گھٹاؤ
حاصل تفریق = −ح

(۱۱) −۷ح میں سے
−۶ح کو گھٹاؤ
حاصل تفریق = −ح

(۱۲) −ح میں سے
−ح کو گھٹاؤ
حاصل تفریق = ۰

(۱۳) ح + س میں سے
ح − س کو کم کرو
حاصل تفریق ۲س

(۱۴) ح − س میں سے
ح + س کو گھٹاؤ
حاصل تفریق = −۲س

(۱۵) ر + ح د میں سے
ر − ح د کو گھٹاؤ
حاصل تفریق ۲ح د

(۱۶) ۳ح − ۴س + ۶ط میں سے
ح − ۲س + ۹ط کو گھٹاؤ
حاصل تفریق = ۲ح − ۲س − ۳ط

دوچند آ ، چونکہ ت + س میں ت − س کو جمع کرنے سے آ ح
حاصل جمع ہوا اور ح + س میں سے ت − س کو تفریق کرنے سے
۲ س حاصل تفریق ہوا اس سے یہ بات ظاہر ہے کہ کسی دو مقادیر
حاصل تفریق میں اونکا حاصل جمع جوڑا جاوے تو حاصل جمع برابر ہوگا دوچند بڑی مقدار
کے اور اگر حاصل تفریق کو حاصل جمع سے کم کریں تو بقایا تفریق برابر ہوگا
دوچند چھوٹی مقدار کے موجب اس قاعدے کے سوالات مندرجہ ذیل کے
جواب نکل سکتے ہیں +

ایلیا ونی کے حساب کی کتاب میں یہ قاعدہ لکھا ہے اور لیلاوتی
پڑھنے والے اس قاعدے کی اصل کو بخوبی نہیں سمجھتے ہیں وجہ مقابلہ کے
پڑھنے والے اوسے بخوبی سمجھ سکتے ہیں قاعدے کی اصل کا بیان اوپر
ہو چکا ہے اور اوسکے سوالات ذیل میں مندرج ہیں +

سوالات

(۱) دو عدد دونکا ۱۰۰ حاصل جمع ہے اور ۵۰ حاصل تفریق بتلاؤ کہ وہ کونسے
دو عدد ہیں +

بڑی مقدار کا دوچند = ۱۰۰ + ۵۰ = ۱۵۰

اصلی مقدار بڑی مقدار = $\frac{۱۵۰}{۲}$ = ۷۵ اور دونوں مقادیر کا بھی
حاصل تفریق سے اصلی بڑی مقدار ۷۵ میں سے دونوں مقادیر
حاصل تفریق کو منہا کیا تو ۷۵ − ۵۰ = ۲۵ یہ چھوٹی مقدار ہوئی پس
۷۵ اور ۲۵ دونوں اعداد مطلوب ہوئے +

(۲) ایک مرد اور عورت دونوں کی عمر ملکر ۷۷ برس کی ہے اور مرد کی عمر عورت کی عمر سے ۷ برس زیادہ ہے تو بتلاؤ کہ ہر ایک کی عمر کتنی ہے؟

مرد کی عمر دوچند = ۷۷ + ۷ = ۸۴

اسلئے مرد کی عمر = $\frac{۸۴}{۲}$ = ۴۲ سال اسلئے مرد کے ۴۲ سال ہیں ۷ سال کم کئے تو ۴۲ − ۷ = ۳۵ سال یہی عورت کی عمر ہوئی ٭

(۳) $\frac{۱}{۲}$ کے ایسے دو حصے کرو کہ پہلا حصہ دوسرے حصہ سے $\frac{۱}{۴}$ بڑا ہو۔

دونوں حصوں کا حاصل جمع = $\frac{۱}{۲}$

دونوں حصوں کا حاصل تفریق = $\frac{۱}{۴}$

بڑا حصہ دوچند = $\frac{۱}{۲}$ + $\frac{۱}{۴}$ = $\frac{۳}{۴}$

اسلئے بڑا حصہ = $\frac{۳}{۴}$ کا $\frac{۱}{۲}$ = $\frac{۳}{۸}$

اسیطرح چھوٹا حصہ دوچند = $\frac{۱}{۲}$ − $\frac{۱}{۴}$ = $\frac{۱}{۴}$

اسلئے چھوٹا حصہ = $\frac{۱}{۴}$ کا $\frac{۱}{۲}$ = $\frac{۱}{۸}$

اسلئے دونوں حصے مطلوبہ $\frac{۳}{۸}$ اور $\frac{۱}{۸}$ ہوئے

(۴) سوالات تفریق

(۱) ح میں سے س − د کو کم کرو۔

(۲) ح + س − ط − ف میں سے ح − س + ط − ف کو گھٹاؤ۔

(۳) ح − س − ط میں سے ح − س + ۲ط کو کم کرو

اور ۲ ح × ۳ س = ۲ × ح × ۳ × س اور ح × ۳ × ۳ =
× ح کی حاصلضرب = ۲ × ۳ × ح × س = ۶ ح س
کیونکہ ۲ × ۳ = ۶ +

دویم اگر ایک مقدار منفیہ ہو مثلاً ۲ ح کو ـ ۳ س میں ضرب دینا ہو
یا ـ ۲ ح کو ۳ س میں ضرب دینا ہو تو ان دونوں سوالوں سے یہی مراد ہے
کہ ۳ س کو ۲ ح دفعہ گھٹانا ہے اسلئے ۳ س کو ۲ ح دفعہ جمع کریں
یعنی ۳ س کو ۲ ح میں ضرب دیں تو اس حاصلضرب ۶ ح س اور حاصلضرب
مطلوب میں صرف علامت کا فرق ہوگا اس سبب سے حاصلضرب
ـ ۶ ح س ہوا +

اگر دونوں مقادیر منفیہ ہوں مثلاً ـ ۲ ح اور ـ ۳ س کو ضرب دینا ہو تو اس سے
یہہ مراد ہے کہ ـ ۳ س کو ۲ ح دفعہ کم کرنا ہے یعنی ـ ۶ ح س گھٹانا ہے
مگر بموجب دفعہ ۱۸ اسکے جو ـ ۶ ح س کو گھٹاوینگے تو اوسکی علامت کو
بدل دیوینگے یعنی ـ ۶ ح س کے بجائے + ۶ ح س لکھینگے اور اسکے
معنی یہہ ہیں کہ ۶ ح س کو جمع کرنا ہے +

امثال کو برائے تصدیق ایک جگہ لکھتے ہیں

+ ۳ س کو + ۲ ح میں ضرب کرنے سے + ۶ ح س حاصلضرب ہوا
ـ ۳ س کو + ۲ ح میں ایضاً ـ ۶ ح س حاصلضرب ہوا
+ ۳ س کو ـ ۲ ح میں ایضاً ـ ۶ ح س حاصلضرب ہوا

س کو -۲ح میں ضرب کرنے سے ۲ح س حاصلضرب ہوا

اس قاعدہ اور مثالوں سے بھی یہی قاعدہ دو مقادیر مفردہ کے ضرب کرنے کا نکلتا ہے

قاعدہ

جب دو مقادیر مفردہ کو ضرب کرنا ہو تو انکے حروف کو پاس پاس لکھو اور انکے ذاتی طرفت اعداد کی ضرب کے حاصلضرب کو لکھو اور وہی حاصلضرب مطلوب ہوگا پھر جانو اگر دونوں مقادیر یعنی مضروب اور مضروب فیہ کی علامات یکساں ہوں تو حاصلضرب مطلوب کی علامت اثبات ہوگی اور اگر مختلف ہوں تو حاصلضرب مطلوب کی علامت نفی ہوگی +

امثال

(۱) ۲ د × ۵ ر = ۱۰ د ر (۲) -۳ × ۵ ح = -۱۵ ح

(۳) ۷ م × -ت = -۷ م ت (۴) ۲ ح س × ۳ ح ط = ۶ ح ح س ط = ۶ ح^۲ س ط

(۵) -۶ ح د ر × ۸ ح س ط = -۴۸ ح^۲ س ط د ر

(۶) ۲ ح × ۳ س × ۴ ط = ۶ ح س × ۴ ط = ۶ × ۴ × ح س ط = ۲۴ ح س ط

دفعہ ۱۴ مقدار مرکب کو مقدار مفرد میں ضرب کرنیکا قاعدہ فرض کرو کہ ح + س + ط + وغیرہ کو م میں ضرب کرنا ہے تو ح کو م سے ضرب کیا تو م ح حاصلضرب ہوا س کو م میں ضرب کرنے سے م س حاصلضرب ہوا ط کو م میں ضرب کرنے سے م ط حاصلضرب ہوا وغیرہ اور ان حاصلضربوں کا حاصل جمع م ح + م س + م ط وغیرہ حاصلضرب مطلوب ہوا کیونکہ یہہ بات ظاہر ہے کہ جن مقادیر مفردہ سے

مقدار مرکب بنی ہے اونکو علیحدہ علیحدہ م میں ضرب دیکر حاصلضربوں کو جوڑ دیا تو جس حاصلجمع کے یہہ معنی ہوئی کہ مقدار مرکب مقدار م میں ضرب دی گئی ہے اور وہی حاصل جمع حاصلضرب مطلوب ہے اِس ہی یہہ قاعدہ نکلتا ہے کہ بموجب پینتویں دفعہ کے مضروب کی ہر ایک مقدار مفردہ کو مضروب فیہ کی مقدار مفردہ میں علیحدہ علیحدہ ضرب. حاصلضربونکو جمع کرو تو یہی حاصلجمع حاصلضرب مطلوب ہوگا +

مثالیں

(۱) ح + س — ط کو ۲ میں ضرب کرنی سی حاصلضرب = ۲ح + ۲س — ۲ ط

(۲) ح — س + ط کو —۲ میں ضرب کرنے سے حاصلضرب = —۲ح + ۲س — ۲ ط

(۳) ح — س + ط کو ف میں ضرب کرنے سے حاصلضرب = ح ف — س ف + ط ف

(۴) ح — س + ط کو —ف میں ضرب کرنے سے حاصلضرب = —ح ف + س ف — ط ف

(۵) ح د + ر س کو ط میں ضرب کرنے سے حاصلضرب = ح د ط + ر س ط

(۶) ح د + ر س — ص ط کو ع میں ضرب کرنے سے حاصلضرب = ح د ع + ر س ع — ص ط ع

(۷) ۲ح + ۳س — ۴ ط کو ۲ د میں ضرب کرنے سے حاصلضرب = ۴ح د + ۶ د س — ۸ د ط

(۸) ح د + ر س کو ح د میں ضرب کرنی سے حاصلضرب = ح² د² + ح د ر س

(۹) ح د + ر س کو — ر س میں ضرب کرنی سے حاصلضرب = — ح د ر س — س² ر²

(۱۰) ۷ د — ۴ ر + ۶ کو ۳ د میں ضرب کرنی سے حاصلضرب = ۲۱ د² — ۱۲ د ر + ۱۸ د

(۱۱) ۶ د² — ۱۳ د + ۱ کو ۵ میں ضرب کرنی سے حاصلضرب = ۳۰ د² — ۶۵ د + ۵

(۱۲) د² — د ع + ع² کو د ع میں ضرب کرنی سے حاصلضرب = د³ع — د²ع² + د ع³

دو مقادیر مرکب کے ضرب دینے کا قاعدہ

دفعہ ۳۳ فرض کرو کہ ح + س کو ط + ف میں ضرب دینا ہے تو اس سے یہہ مراد ہے کہ ح + س کو ط + ف دفعہ جوڑنا ہے یعنی ح + س کو ط دفعہ جوڑنا ہے اور پھر ح + س کو ف دفعہ جوڑنا ہے +

۱۳ دفعہ میں قاعدہ لکہا ہے اوسکے بموجب ح + س کو ط میں ضرب دینے سے ح ط + س ط حاصلضرب ہوا اور اسیطرح ح + س کو ف میں ضرب کرنے سے ح ف + س ف حاصلضرب ہوا اسلئے ح + س کو ط اور ف یا ط + ف میں ضرب کرنے سے ح ط + س ط + ح ف + س ف حاصلضرب مطلوب ہوا +

اگر ح + س کو ط — ف میں ضرب دینا ہو تو اس سے یہہ مراد سمجہو کہ ح + س کو ط دفعہ جوڑنا ہے اور ح + س کو ف دفعہ اوسمیں سے گہٹانا ہے ح + س کو ط میں ضرب کرنے سے ح ط + س ط حاصلضرب ہوا اور ح + س کو ف میں ضرب کرنے سے ح ف + س ف حاصلضرب ہوا اسے اگلی حاصلضرب میں سے بموجب دفعہ ۱۸ اسکے کم کیا تو ح ط + س ط — ح ف — س ف حاصلضرب مطلوب ہوا +

اگر ح — س کو ط — ف میں ضرب کرنا ہو تو اسکے یہہ معنی ہیں کہ ح — س کو ط میں ضرب کرنا ہے اور ساتھ ہی کہ ح + س کو ف دفعہ گہٹانا ہے اسلئے ح ط — س ط میں سے ح ف — س ف کو گہٹایا تو ح ط — س ط — ح ف + س ف حاصلضرب مطلوب ہوا +

اوپر جو مثالیں لکھی ہیں اونکو ایک جگہ پر لکھتے ہیں

ح + س کو ط + ف میں ضرب کرنے سے حاصل ضرب = ح ط + س ط + ح ف + س ف

ح + س کو ط − ف میں ضرب کرنے سے حاصل ضرب = ح ط + س ط − ح ف − س ف

ح − س کو ط − ف میں ضرب کرنے سے حاصل ضرب = ح ط − س ط − ح ف + س ف

اسیطرح اور مثالوں سے بھی یہہ قاعدہ ذیل نکلتا ہے

قاعدہ

مضروب کی ہر ایک مقدار مفرد کو مضروب فیہ کی ہر ایک مقدار مفرد میں علیحدہ علیحدہ ضرب کرو اور ان حاصل ضربوں کو جمع کرو تو یہی حاصل جمع حاصل ضرب مطلوب ہوگا ؛

امثال

(۱) د + ۱ کو

د + ۲ میں ضرب دو

د² + د مضروب کو د میں ضرب کرنے سے یہہ حاصل ضرب ہوا

+ ۲ د + ۲ مضروب کو ۲ میں ضرب کرنے سے یہہ حاصل ضرب ہوا

د² + ۳ د + ۲ کل حاصل ضرب ہوا

(۲) ۲۱ یا ۲۰ + ۱ کو

۱۹ یا ۲۰ − ۱ میں ضرب دو

۱۸۹ ۔۔۔ ۴۰۰ + ۲۰

۲۱ ۔۔۔ − ۲۰ − ۱

۳۹۹ یا ۴۰۰ − ۱

(۳) ۲ + ح کو

۳ − س میں ضرب دو

۶ + ۳ ح یہہ حاصلضرب مضروب کو ۳ میں ضرب کرنے سے ہوا

− ۲ س − ح س یہہ حاصلضرب مضروب کو −س میں ضرب کرنے سے ہوا

۶ + ۳ ح − ۲ س − ح س کل حاصلضرب ہوا

(۴) ح + س کو

ح + س میں ضرب دو

ح۲ + ح س یہہ حاصلضرب مضروب کو ح میں ضرب کرنے سے ہوا

+ ح س + س۲ مضروب کو س میں ضرب کرنے سے یہہ حاصلضرب ہوا

ح۲ + ۲ ح س + س۲ کل حاصلضرب ہوا

(۵) ح − س کو

ح − س میں ضرب دو

ح۲ − ح س مضروب کو ح میں ضرب کرنے سے یہہ حاصلضرب ہوا

− ح س + س۲ مضروب کو −س میں ضرب کرنے سے یہہ حاصلضرب ہوا

ح۲ − ۲ ح س + س۲ کل حاصلضرب مطلوب ہوا

(۶) د − ۲ ر کو

۲ د + ۳ ر میں ضرب دو

۲ د۲ − ۴ د ر یہہ حاصلضرب مضروب کو ۲ د میں ضرب کرنے سے ہوا

+ ۳ د ر − ۶ ر۲ یہہ حاصلضرب مضروب کو +۳ ر میں ضرب کرنے سے ہوا

۲ د۲ − د ر − ۶ ر۲ کل حاصلضرب ہوا

اب ایک ایسی مثال لکھتے ہیں کہ جسکے مضروب اور مضروب فیہ کی مقدار مرکب میں دو سے زیادہ مقادیر مقرر ہوں +

۲ ح + ۳ س — ۴ ط کو

ح + س — ط میں ضرب دو

۲ حؔ + ۳ ح س — ۴ ح ط یہہ حاصلضرب مضروب کو ح میں ضرب کرنے سے ہوا

+ ۲ ح س + ۳ سؔ — ۴ س ط یہہ حاصلضرب مضروب کو + س میں ضرب کرنے سے ہوا

— ۲ ح ط — ۳ س ط + ۴ طؔ یہہ حاصلضرب مضروب کے — ط میں ضرب کرنے سے ہوا

۲ حؔ + ۵ ح س — ۶ ح ط + ۳ سؔ — ۷ س ط + ۴ طؔ کل حاصلضرب ہوا

ایک مقدار کی قوتوں سے ضرب کرنے کا

قاعدہ

دفعہ ۳۴ ایک مقدار کی جن قوتوں کو مثلاً ح, حؔ, حؗ, حؕ, وغیرہ کو ضرب کرنا ہو تو انکی قوت نماؤں کو جمع کرو اور اس حاصل جمع کو مقدار مذکور کا نیا قوت نما فرض کرو کہ وہی حاصلضرب مطلوب ہوگا +

مثلاً حؔ × حؗ = حؕ کیونکہ بموجب دفعہ ۸ کے حؔ = ح × ح اور حؗ = ح × ح × ح اسلئے حؔ × حؗ = ح ح × ح ح ح = ح ح ح ح ح = حؕ

اسیطرح یہہ بھی جانو کہ

حؔ × حؗ = حؕ

اگر حروف مقدار مضروب و مضروب فیہ کے قوت نما ہوں اونکو جمع کر لو اور حاصل جمع کو مقدار کا نیا قوت نما فرض کرو وہی حاصل ضرب مطلوب کے برابر ہوگا ؎

مثلاً $ح^{م} \times ح^{ن} = ح^{م+ن}$ اس مثال میں بجائے م اور ن کے کوئی عدد فرض کر لو

آٹھویں دفعہ کے بموجب $ح^{م} = ح \times ح \times ح$ وغیرہ ح سے ح کو ضرب کرتے جاؤ جب تک حاصل ضرب میں ح کی تعداد برابر ہو مقدار م کے

وعلیٰ ہذا القیاس $ح^{ن} = ح \times ح \times ح$ وغیرہ ح سے ح کو ضرب کرو جب تک کہ حاصل ضرب میں ح کی تعداد برابر ہو مقدار ن کے

$\therefore ح^{م} \times ح^{ن} = ح \times ح \times ح$ وغیرہ یہانتک کہ ح کی تعداد برابر ہو مقدار م کے $\times ح \times ح \times ح$ وغیرہ یہانتک کہ ح کی تعداد برابر ہو مقدار ن کے پس کل حاصل ضرب

$= ح \times ح \times ح$ وغیرہ یہانتک کہ ح کی تعداد برابر ہو مقدار م + ن کے

$= ح^{م+ن}$ بموجب حد مذکور کے

حاصل

اگر بجائے ح کے ح + س یا ح + س + ط یا اور کوئی مقدار مرکب لکھیں تو مقدار مرکب کی قوتوں کا حاصل ضرب دریافت کرنے کا یہ قاعدہ ہے کہ قوت نماؤں کو جمع کرو اور حاصل جمع کو مقدار مذکور کا نیا قوت نما خیال کرو تو مقدار کی یہ قیمت برابر ہوگی حاصل ضرب مطلوب کے مثلاً $\overline{ح + س}$ کی دوسری قیمت کو $\overline{ح + س}$ کی تیسری قیمت میں ضرب دیں تو حاصل ضرب برابر ہوگا $\overline{ح + س}$ کی پانچویں قیمت کے

مثالیں

(۱) ۲ د^۲ × ۳ د^۳ = ۲ × ۳ × د^۲ د^۳ = ۶ د^۵

(۲) ۲ ح ک × ۲ ح د ر = ۷ × ۲ × ح ح د د ر = ۱۴ ح^۲ د^۲ ر

(۳) ۵ ح^۲ س^۲ ط × ح س ط = ۵ ح^۲ ح س س ط ط = ۵ ح^۳ س^۳ ط^۲

(۴) ۳ د^۲ ز^۲ ص × ۴ د^۳ ز ص = ۳ × ۴ د^۲ د^۳ ز^۲ ز ص ص = ۱۲ د^۵ ز^۳ ص^۲

(۵) م ن د^۲ ر × - ع ر = - م ن ع د^۲ ر ر = - م ن ع د^۲ ر^۲

(۶) -۳ ح س^۲ ط د × -۲ ح ط د^۲ ر = ۶ ح ح س^۲ ط ط د^۲ د ر = ۶ ح^۲ س^۲ ط^۲ د^۳ ر

(۷) ۲ ح^۲ × ۳ ح^۳ = ۲ × ۳ × ح^۲ ح^۳ = ۶ ح^{۲+۳}

(۸) ح د^م × س د^ن = ح س د^م د^ن = ح س د^{م+ن}

(۹) ح د^م × س د^ن × ط د^ع = ح س ط د^م د^ن د^ع = ح س ط د^{م+ن+ع}

(۱۰) ۲ ح د × -۳ س ر × - ح^۲ د ر = ۲ × -۳ × - ح^۳ س د^۲ ر^۲ = ۶ ح^۳ س د^۲ ر^۲

(۵) سوالات

(۱) ح د ر کو س میں ضرب دو

(۲) ۳ م ن کو - ع میں ضرب دو

(۳) م + ن - ع کو ۳ میں ضرب دو

(۴) ح د + س د کو ع میں ضرب دو

(۵) ح ف + ۲ س ف کو ۲ ح میں ضرب دو

(۶) ۳ ح^۲ - ۲ ح د^۲ کو ح د میں ضرب دو

(۷) ۳ د^۲ - ۲ د ر + ۲ کو - د ر میں ضرب دو

(۸) ۱ - ۲ ح د + ۳ س د کو - ۳ ن میں ضرب دو

(۹) ۲ ح س - ۳ ح ط + ۵ س ف کو - ۲ د میں ضرب دو

(۱۰) ۲ د ر - ۳ کو ۲ د میں ضرب دو

(۱۱) ح د + س ر - ط ص کو ۲ د ر س میں ضرب دو

(۱۲) ۲ ح^۲ - س د + ف کو س ر میں ضرب دو

(۱۳) ... + دکو س + ر میں ضرب دو (۲۵) ۱+۲د+۳د۲ کو د—ر میں ضرب دو

(۱۴) د۲+۳ کو د—۱ میں ضرب دو (۲۶) ح+د—رکو س—ر میں ضرب دو

(۱۵) د—۴ کو د+۳ میں ضرب دو (۲۷) ح ط—س ط+ح ع کو ح—س میں ضرب دو

(۱۶) ۲د—۵ کو ۳د—۲ میں ضرب دو (۲۸) ح۳+ح۲+ح+۱ کو ح—۱ میں ضرب دو

(۱۷) ۱—دکو د+۱ میں ضرب دو (۲۹) د۳+ح د۲+ح۲ د+ح۳ کو د—ح میں ضرب دو

(۱۸) ۱—دکو د—۲د۲ میں ضرب دو (۳۰) ۴د۲—۶د+۹ کو ۲د+۳ میں ضرب دو

(۱۹) ح+س رکو ۲د—ر میں ضرب دو (۳۱) ۴+۲د+د۲ کو ۴—۲د+د۲ میں ضرب دو

(۲۰) ح+۲دکو ح—۳د میں ضرب دو (۳۲) ح۲—۲د۲ کو ح۳—د۲ میں ضرب دو

(۲۱) ۷د—۱ کو ۵د—۴ میں ضرب دو (۳۳) د۳+۳د۲+۹د+۲۷ کو د—۳ میں ضرب دو

(۲۲) ۲ح د—۳س رکو ۴ر—۲د میں ضرب دو (۳۴) ۲ح۲ د۲+۳س۲ ر کو ۲ح۲ د۲—۳س۲ ر میں ضرب دو

(۲۳) ۱—۲م ن کو ۲م+ن میں ضرب دو (۳۵) ۲ح۲—۳ح س+س۲ کو ۲ح۲+۳ح س—س۲ میں ضرب دو

(۳۶) ح۲—س ط کو ح ط—س۲ میں ضرب دو

قسمت

مقسوم و مقسوم علیہ اور خارج قسمت ان لفظوں کے معنی علم حساب اور جبر مقابلہ میں یکساں ہیں +

ایک مقدار کو دوسری مقدار پر تقسیم کرنے سے یہہ مراد ہے کہ پہلی مقدار میں دوسری مقدار کتنی دفعہ گھٹ سکتی ہے اور اگر خارج قسمت کو مقسوم علیہ میں ضرب دو تو حاصل ضرب برابر ہوگا مقسوم کے

ایک مقدار مفردہ کو دوسری مقدار مفردہ پر تقسیم کرنیکا

قاعدہ

دفعہ ۳۸ جو کہ خارج قسمت × مقسوم علیہ = مقسوم اسلئی جو مقسوم کے ایسی دو حصے لئی جاویں کہ اونکا حاصلضرب برابر ہو مقسوم کے اور ایک حصہ برابر ہو مقسوم علیہ کے تو دوسرا حصہ برابر ہوگا خارج قسمت کی مثلاً ۳ دکو د پر تقسیم کرنا ہو تو ۳ د میں د کا ۳ سر ہے اسلئی ۳ خارج قسمت ہوگا +

اور اگر ۳ د کو ۳ پر تقسیم کرنا ہو تو ۳ د میں ۳ کا د سر ہے اسلئی د خارج قسمت ہوگا

ان مثالوں سی یہہ قاعدہ نکلتا ہے کہ اگر ایک مقدار مفردہ دوسری مقدار مفردہ پر پوری دفعہ تقسیم ہو جاوی تو تقسیم کرنیکا یہہ قاعدہ ہے کہ مقسوم کے ایسی دو حصی کرلو کہ اونکا حاصلضرب برابر ہو مقسوم کے +

اور ایک حصہ برابر ہو مقسوم علیہ کے تو دوسرا حصہ برابر ہوگا خارج قسمت کی +

مثالین

(۱) ۶ ح س ط کو ۲ ح س پر تقسیم کرو

۶ ح س ط = ۲ ح س × ۳ ط اسلئی ۳ ط خارج قسمت ہوا +

(۲) ۱۰ د ر کو ۲ ر پر تقسیم کرو

۱۰ د ر = ۲ ر × ۵ د اسلئی ۵ د خارج قسمت ہوا +

(۳) ـ ۲ د ر کو ۲ ح ر پر تقسیم کرو

ـ ۲ د ر = ۲ ح ر × ـ د اسلئی ـ د خارج قسمت ہوا +

(۴) ۶ م ن ع ر کو ۔۲ م ع ر پر تقسیم کرو

کیونکہ ۶ م ن ع ر = ۔ م ع ر × ۔۶ ن اسلئے ۔۶ ن خارج قسمت ہوا

(۵) ۔ ۱۴ ا ح س ط کو ۔۲ ح س پر تقسیم کرو

۔ ۱۴ ا ح س ط = ۔۲ ح س × ۷ ح ط اسلئے ۷ ح ط خارج قسمت ہوا +

(۶) ۔ ۸ ح^{۲} س^{۳} ط^{۲} کو ۴ ح س ط پر تقسیم کرو

۔ ۸ ح^{۲} س^{۳} ط^{۲} = ۴ ح س ط × ۔۲ ح س^{۲} ط^{۲} اسلئے

۔۲ ح س^{۲} ط^{۲} خارج قسمت ہوا +

(۷) ۵ ح^{۴} س^{۳} ط^{۵} کو ح^{۲} س ط^{۲} پر تقسیم کرو

۵ ح^{۴} س^{۳} ط^{۵} = ح^{۲} س ط^{۲} × ۵ ح^{۲} س^{۲} ط^{۳} اسلئے ۵ ح^{۲} س^{۲} ط^{۳}

خارج قسمت ہوا +

(۸) ۱۲ م ن^{۲} ع کو $\frac{۳}{۴}$ م ن ع پر تقسیم کرو

۱۲ م ن^{۲} ع = $\frac{۳}{۴}$ م ن ع × ۱۶ ن اسلئے ۱۶ ن خارج قسمت ہوا

مقدار مرکب کو مقدار مفردہ پر تقسیم کرنیکا قاعدہ

چونکہ ۱۲ دفعہ کے بموجب ح + س + ط + وغیرہ کو م میں ضرب دینے سے

م ح + م س + م ط + وغیرہ حاصلضرب ہوتا ہے۔

اسلئے م ح + م س + م ط + وغیرہ کو م پر تقسیم کیا تو

ح + س + ط + وغیرہ خارج قسمت ہوا اس سے

قاعدہ ذیل نکلتا ہے

قاعدہ

دفعہ ۴۳ بموجب دفعہ ۴۲ کے مقسوم کی مقدار مرکب کی ہر ایک مقدار مفردہ کو علیحدہ علیحدہ مقسوم علیہ کی مقدار مفردہ پر تقسیم کرو اور جو خارج قسمت حاصل ہوں اونکو جمع کرو حاصل جمع برابر ہوگا خارج قسمت مطلوب کے +

مثالین

(۱) ح س + ۲ ح ط − ۳ ح ف کو ح پر تقسیم کرو

ح س ÷ ح = س اور ۲ ح ط ÷ ح = + ۲ ط اور − ۳ ح ف ÷ ح = − ۳ ف اسلئے کُل مقدار مقسوم کو مقدار ح پر تقسیم کیا تو س + ۲ ط − ۳ ف خارج قسمت مطلوب ہوا +

(۲) م د + ن د^2 − ع د ر کو د پر تقسیم کرو

م د ÷ د = م اور + ن د^2 ÷ د = ن د اور − ع د ر ÷ د = − ع ر اسلئے کُل مقدار مقسوم کو د پر تقسیم کیا تو م + ن د − ع ر کُل خارج قسمت ہوا +

(۳) ۴ ح^2 د^2 − ۶ ح^2 س د + ۲ ح د^3 کو ۲ ح د پر تقسیم کرو

۴ ح^2 د^2 ÷ ۲ ح د = ۲ ح د اور − ۶ ح^2 س د ÷ ۲ ح د = − ۳ ح س اور + ۲ ح د^3 ÷ ۲ ح د = + د^2 اسلئے ۲ ح د − ۳ ح س + د^2 خارج قسمت مطلوب ہوا +

جبکہ مقسوم علیہ مقدار مرکب ہو تو تقسیم کرنیکا

قاعدہ

دفعہ ۴۴ اول مقسوم اور مقسوم علیہ دونوں کی مقادیر مفردہ کو بموافق قوت ایک

حروف کے با ترتیب لکھو یعنی حرف مذکور کی سب سے بڑی قوت جس مقدار میں ہو اوسکے پیچھے ہو اور اوس سے چھوٹی قوت جس مقدار میں ہو اوسی پہلی مقدار کے بائیں طرف لکھو اسیطرح جس مقدار میں حرف مذکور کی قوت دوسری مقدار کے حرف مذکور کی قوت سے چھوٹی ہو اوسے دوسری مقدار کے بائیں طرف لکھو وعلی ہذالقیاس مقسوم کی جتنی مقادیر مفردہ ہوں اونکو اس ترتیب پر لکھو کہ حرف مذکور کی قوتیں گھٹتی چلی جاویں +

یا مقسوم اور مقسوم علیہ کی مقادیر مفردہ کو برعکس ترتیب بالا کے لکھو یعنی جس مقدار میں حرف مذکور کی قوت سب سے چھوٹی ہو اوسی اول لکھو اور جس مقدار میں اوس سے بڑی قوت ہو اوسی اول مقدار کے بائیں طرف لکھو وعلی ہذالقیاس مقسوم اور مقسوم علیہ کی جتنی مقادیر مفردہ ہوں اونکو اس ترتیب پر لکھو کہ حرف مذکور کی قوتیں بڑھتی چلی جاویں +

دوم ۴۳ دفعہ کے بموجب مقسوم کی اول مقدار مفردہ کو مقسوم علیہ کی اول مقدار مفردہ پر تقسیم کرو اور جو خارج قسمت حاصل ہو اوسے خارج قسمت مطلوب کے پہلی جگہ پر لکھو +

سیوم مقسوم علیہ کی ہر ایک مقدار مفردہ کو خارج قسمت کی اول مقدار میں ضرب دو اور کل حاصل ضرب کو مقسوم میں سے منہا کرو +

